# معروضی سوال

(صلاۃ الخوف)

1. سب سے پہلے کونسی نماز بطورِ صلاۃ الخوف ادا کی گئی۔

ا) ظہر ب) عصر

ج) مغرب د) عشاء

2. فصلینا الظہر فقال المشرکون لقد اصبنا غرۃ لقد اصبنا غفلۃ

یہ کونسی نماز کا ذکر ہے؟

ا) فجر ب) ظہر

ج) عصر د) عشاء

3. سب سے پہلے کس مقام پہ نمازِ خوف ادا کی گئی۔

ا) غزوہ خندق ب) مقامِ احد

ج) فتح مکہ د) مقامِ عسفان

4. صلاۃ الخوف کے لیے کتنے گروہ بنائے جائیں گے

ا) دو ب) چار

ج) تین د) ایک

5. مستدبر بن القبلہ کا معنی کیا ہے۔

ا) قبلہ کو منہ کرنا ب) قبلہ کی طرف نماز پڑھنا

ج) قبلہ کو پیٹھ کرنا د) ان میں سے کوئی بھی نہیں

Scanned with CamScanner

6

جب صلاۃ الخوف کا حکم آیا اس وقت جنگ میں مشرکوں کے سردار اور سپہ سالار کون تھے؟

ا) ابوسفیان    ب) ابوجہل

ج) ابولہب    د) خالد بن ولید

کتاب النکاح

7

جو نکاح کی طاقت نہ رکھے وہ کیا کرے؟

ا) نمازیں پڑھے    ب) حج کرے

ج) روزے رکھے    د) صبر کرے

8

کس عورت کو ترجیح دینی چاہیے نکاح کے لیے۔

ا) حسن والی    ب) دین دار

ج) مال دار    د) حسب و نسب

9

نکاح میں دو بہنوں کو جمع کرنا کیسا؟

ا) حرام    ب) جائز

ج) مستحسن    د) مکروہ

10

حضرت مرثد رضی اللہ عنہ کی زمانہ جاہلیت میں معشوقہ کا نام کیا تھا

ا) ربیعہ    ب) عزّی

ج) عناق    د) محسنہ

Scanned with CamScanner

11

جو اپنی لونڈی کو آزاد کر کے اس سے شادی کرے تو اس لیے حدیث میں کیا ذکر آیا؟

ا) دوگنا اجر
ب) بہتر ہے
د) ناجائز ہے
ج) ایک ہی اجر

12

آقا کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت صفیہ کا حق مہر کیا دیا؟

ا) 500 درہم
ب) 1000 درہم
ج) 500 دینار
د) آزاد کر دیا

13

دودھ پلانے سے ان بچوں کا آپس میں نکاح کرانا کیسا؟

ا) حلال ہے
ب) مکروہ ہے
ج) حرام ہے
د) مستحب ہے

14

افلح بن ابو قعیس کا حضرت عائشہ سے کیا رشتہ تھا۔

ا) ماموں تھے
ب) رضاعی چچا تھے
ج) سگے چچا تھے
د) کوئی رشتہ نہ تھا

15

شد العظم کا کیا معنی ہے؟

ا) ہڈی کی مضبوطی
ب) پنڈلی کی ہڈی
ج) ہڈی کاٹنا
د) ہاتھ کی ہڈی

16

خالہ اور بھتیجی کو نکاح میں جمع کرنا کیسا؟

ا) حلال ہے
ب) حرام ہے
ج) مکروہ ہے
د) جائز ہے

Scanned with CamScanner

17

متبنّیٰ کسے کہتے ہیں۔

ا) سگے بیٹے کو ب) منہ بولے بیٹے کو

ج) دوست کو د) کسی بھی رشتہ دار کو

18

حضرت فاطمہ کی موجودگی میں حضرت علی نے کس کو نکاح کا پیغام بھیجا

ا) ابولہب کی بیٹی کو ب) ابوجہل کی بیٹی کو

ج) کسی کو بھی نہیں د) دونوں کو

19

نکاح متعہ کا حکم کیا ہے۔

ا) حلال ہے ب) مکروہ ہے

ج) حرام ہے د) کفر ہے

20

نکاح شغار کرنا کیسا ہے۔

ا) حلال ہے ب) مکروہ ہے

ج) حرام ہے د) باطل ہے

21

ایما عبد تزوّج بغیر اذن مولی فھو عاھر۔ خط کشیدہ کا معنی

ا) آزاد ہے ب) پاکدامن

ج) نافرمان د) زانی

22

کسی کے پیغام نکاح پر پیغام بھیج دینا کیسا۔

ا) مکروہ ب) حلال

ج) کفر د) مستحب

Scanned with CamScanner

23

اَتَخَبَّأُ کا معنی کیا ہے۔

ا) بولنا ب) چھپ کر دیکھنا

ج) چپ کرنا د) رونا

24

ایما امراۃ نکحت بغیر اذن موالیھا فنکاحھا باطل۔ خط کشیدہ کا معنی؟

ا) رشتہ دار ب) ولی

ج) سال دار د) آقا

25

نجاشی نے کس کا نکاح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا تھا۔

ا) حضرت عائشہ ب) حضرت زینب۔

ج) حضرت صفیہ د) حضرت ام حبیبہ

26

فلا تعضلوھن ان ینکحن ازواجھن۔ خط کشیدہ کا معنی؟

ا) ان کو نہ روکو ب) ان کو ڈانٹو

ج) ان پر غصہ کرو د) ان کا نکاح کرو۔

27

کنواری لڑکی کی طرف سے نکاح کی اجازت سمجھی جائے گی جب وہ

ا) ہنسے یا چپ رہے ب) انکار کردے

ج) غصہ کرے د) ہر حال میں

28

آمروا النساء فی بناتھن۔ نساء سے مراد؟

ا) مائیں ب) پھوپھیاں

ج) بہنیں د) بیٹی

Scanned with CamScanner

29

الأَيِّمُ احق بنفسها - خط کشیدہ کا معنیٰ کیا ہے

(ا) کنواری (ب) طاقت ور عورت

(ج) ثیبہ عورت (طلاق یافتہ) (د) آنسہ

30

صَداق کا معنی کیا ہے۔

(ا) حقِ وراثت (ب) مالِ غنیمت

(ج) نان و نفقہ (د) حق مہر

31

کفوء کا لغوی معنی کیا ہے

(ا) برابری، ہم پلہ (ب) دشمنی، عداوت

(ج) طعن، طنز (د) حسد، بغض

32

حضرت امِ حبیبہ رضی اللہ عنہا کا حق مہر کتنا تھا۔

(ا) 4 ہزار درہم (ب) 500 دینار

(ج) ۱۰ درہم (د) کچھ بھی نہیں

33

قال ثنتا عشرہ اوقیۃ و نَشٌّ ۔ خط کشیدہ کا معنی

(ا) ایک رطل (ب) پانچ اوقیہ

(ج) نصف اوقیہ (د) ایک دینار

34

قال علیہ السلام - اَوْلِمْ ولو بشاۃٍ - خط کشیدہ کا معنی ؟

(ا) ولیمہ (ب) رخصتی

(ج) درد (د) قربانی



Scanned with CamScanner

35

جہاد کا لغوی معنی

(ا) مشقت　　(ب) جنگ

(ج) مارنا　　(د) یہ سب

36

جہاد کب اجازت ملی۔

(ا) ہجرت سے قبل　　(ب) 2 ہجری میں

(ج) 1 ہجری میں　　(د) 3 ہجری میں

37

ان سیاحۃ امتی الجہاد فی سبیل اللہ۔ خط کشیدہ کا معنی

(ا) سیرو سیاحۃ　　(ب) دولت مندی

(ج) جنگ کرنا　　(د) قیام کرنا

38

دوران جہاد نماز، روزہ، ذکراللہ کا اجر کتنا ملتا ہے

(ا) سات سو گنا زیادہ　　(ب) دو گنا ملتا ہے

(ج) ایک ہزار گنا　　(د) پانچ ہزار گنا

39

مورچہ بندی کرنے والا شہید ہوجائے تو کیا خاص اجر ہے۔

(ا) گھر والوں کی مغفرت　　(ب) فتنہ قبر سے محفوظ

(ج) بچے دین دار بنیں گے　　(د) جنت میں داخلہ

40

جہاد کرنے والوں کی مدد کرنا بھی

(ا) شہادت ہے　　(ب) ناجائز ہے

(ج) جہاد ہے　　(د) مستحب ہے

Scanned with CamScanner

# معروضی سوالات کے جواب

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1 | ب | 21 | د |
| 2 | ب | 22 | ا |
| 3 | د | 23 | ب |
| 4 | ا | 24 | ب |
| 5 | ا | 25 | ج |
| 6 | د | 26 | ا |
| 7 | ج | 27 | ا |
| 8 | ب | 28 | ا |
| 9 | ا | 29 | ج |
| 10 | ج | 30 | د |
| 11 | ا | 31 | ا |
| 12 | ا | 32 | ا |
| 13 | ج | 33 | ج |
| 14 | ب | 34 | ا |
| 15 | ا | 35 | ا |
| 16 | ب | 36 | ب |
| 17 | ب | 37 | ا |
| 18 | ب | 38 | ا |
| 19 | ج | 39 | ب |
| 20 | ا | 40 | ج |

Scanned with CamScanner

## مختصر سوالات

1. صلوۃ الخوف کیا ہے؟ مشروعیت بیان کریں

حالتِ جنگ میں جب دشمن کی طرف سے نقصان کا اندیشہ ہو تو اس وقت اگر سب لوگ ایک ہی امام کے پیچھے نماز پڑھنے پر اصرار کریں تو دو گروہ بنا کر باری باری نماز پڑھیں، یہ صلوۃ الخوف ہے۔

اور یہ

2. صلوۃ الخوف کب فرض ہوئی؟

ابو عیاش زرقی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جنگ میں تھے، عسفان کے مقام پر۔ اس وقت مشرکین کا ارادہ تھا کہ نماز کی حالت میں مسلمانوں پر حملہ کریں گے۔ تب اللہ تعالیٰ نے صلوۃ الخوف کی نعمت عطا فرمائی

3. حدیث مبارکہ میں نکاح کی رغبت میں کیا الفاظ ہوئے؟

آقا کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم نکاح کرو جو طاقت رکھتا ہو، کیونکہ یہ نگاہ کو پست کرتا ہے، شرمگاہ کی حفاظت ہوتی ہے۔

4. کیسی عورت کو نکاح میں ترجیح دینی چاہیے؟

عورتوں سے چار چیزوں کی بنا پر نکاح کیا جاتا ہے۔

حسب نسب، حسن و جمال، دین داری۔ دین دار کو ترجیح دینی چاہیے

5. نکاح کا لغوی معنی، اصطلاحی تعریف بیان کریں؟

نکاح کا لغوی معنی ہے "جمع ہونا"

اصطلاحی معنی "ایسا عقد جو فرد و عورت کے درمیان ہوتا ہے اور جس سے دونوں کے درمیان زوجیت کا تعلق پیدا ہوتا ہے

6. نکاح کے ارکان کتنے اور کون کونسے ہیں۔

نکاح کے دو رکن ہیں۔

1. ایجاب و 2. قبول

7. بکرًا تلاعبھا .. اس سے کیا مراد ہے؟

یعنی کہ کنواری عورت سے نکاح کرنے کی ترغیب ہے کہ وہ تم سے محبت و انس زیادہ کرتی۔ بسبب شیبہ کے۔ وہ تم سے کھیلتی اور تم اس سے کھیلتے

8. تزوّجوا الودودَ الولودَ .. اس کی وضاحت کریں؟

۔ آقا کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ کہ زیادہ محبت کرنے والی اور زیادہ بچے جننے والی عورت سے شادی کرو، کیونکہ بروز قیامت میں تمھاری کثرت کی وجہ سے دوسری امتوں پر فخر کروں گا

9. رضاعت کی تعریف کریں؟

لغوی معنی دودھ پلانا

بچے کا پیدائش کے بعد مخصوص وقت میں عورت

کے پستان سے دودھ چوسنا رضاعت کہلاتا ہے۔

۱۰. دو عورتوں کو نکاح میں جمع کرنے کے حوالے سے ضابطہ لکھیں؟

ایسی دو عورتیں کہ اگر ان میں سے ایک کو مرد فرض کریں تو ان کا آپس میں نکاح کرنا حرام ہے۔ ان عورتوں کو نکاح میں جمع نہیں کر سکتے:

جیسے خالہ و بھانجی اور پھوپھی و بھتیجی

11 نکاح متعہ کب حرام ٹھہرادیا گیا؟

حجۃ الوداع کے موقع پہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نکاح متعہ کو حرام قرار دیا۔

اس سے قبل جائز تھا۔ حالتِ جنگ و سفر وغیرہ میں

12 نکاحِ شغار کسے کہتے ہیں؟

نکاحِ شغار یہ ہے کہ جس میں آدمی اپنی بیٹی یا بہن کی اس شرط پر کسی دوسرے سے شادی کر دیتا کہ وہ بھی اپنی بہن یا بیٹی کی اس سے شادی کرے گا۔ یہی ان کے مابین مہر بن جاتا۔

13 جہاد کی تعریف کریں؟

الجہاد فی اللغۃ "المشقۃ"

اصطلاحاً "بذل الجہود فی قتال الکفار مباشرۃ او معاونۃ بالمال او بالرای او بتکثیر السواد

14 ہجرت کی مشروعیت بیان کریں ؟

آقا کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب ہجرت کا حکم دیا تب سے فتح مکہ سے قبل مسلمانوں پر واجب تھا کہ وہ مکہ سے مدینہ کی طرف ہجرت کریں ۔

15 جہاد کی فضیلت پر کوئی حدیث مبارکہ لکھیں ؟

نبی اکرم سے پوچھا گیا ۔ کون سا مؤمن زیادہ کامل ایمان والا ہے ؟ تو آپ نے فرمایا کہ " وہ شخص جو اللہ کے راستے میں اپنی جان و مال سے جہاد کرے ۔ وہ کامل ایمان والا ہے ۔

16 جہاد میں شہید ہونے کی فضیلت بیان کریں ؟

جو شخص اللہ کی راہ میں نکلا پھر مارا گیا تو وہ شہید ہے ، یا اس کے گھوڑے یا اونٹ نے اسے روند دیا ، یا اپنے بستر پہ ، یا موت کے کسی سبب سے مارا گیا تو اس کے لیے جنت ہے ۔

17 جہاد چھوڑنے کی مذمت کیا ہے ؟

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ
جو شخص اس حال میں مرا کہ نہ اس نے جہاد کیا اور نہ ہی اس کی جہاد کی نیت تھی تو وہ نفاق کی قسموں میں سے ایک قسم پر مرا ۔

Scanned with CamScanner

18 من جهز غازياً في سبيل الله فقد غزا.
اس کی وضاحت کریں۔

یہ حدیث مجاہدین کی خدمت کے بارے میں ہے۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس نے اللہ کے راستے میں جہاد کرنے والے کے لیے سامان فراہم کیا گویا کہ اس نے جہاد کیا۔

19 ترجمہ کریں۔
اذا لم یقاتل من اول النہار اخر القتال حتی تزول الشمس۔ وتھب الریاح وینزل النصر

جب کہ وہ صبح کے وقت جنگ نہ کرتے۔ قتال میں دیر کرتے یہاں تک کہ آفتاب ڈھل جاتا، ہوا چلنے لگتی، اور مدد نازل ہونے لگتی

20 دنیاوی غرض کے لیے جہاد کرنے کی وعید کیا ہے؟
حدیث مبارکہ ہے کہ
جس نے اپنی بڑائی کے اظہار کے لیے، دکھاوے اور شہرت طلبی کے لیے جہاد کیا، امام کی نافرمانی کی اور زمین میں فساد پھیلایا تو وہ اجر کا حق دار تو کیا، بلکہ وہ برابر برابر بھی نہ لوٹا۔

21 کیا شہید شفاعت کرے گا؟
آقا کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ

شہید کی شفاعت اس کے کنبے کے 70 لوگوں کے لیے قبول کی جائے گی

22. اجرت لے کر جہاد کرنا کیسا ؟

اجرت پر جہاد کرنا جائز ہے، لیکن اجر نہ ملے گا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ "وہ خون کے آخری قطرے تک مزدور ہی رہے گا"۔

23. جنگ سے قبل دعا کرنا کیسا ؟ کوئی فضیلت ؟

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ دو وقت ایسے ہیں کہ دعا رد نہیں ہوتی۔

اذان کے بعد دعا کرنا

جنگ کے وقت دعا کرنا

24 جانوروں کے نام رکھنا کیسا ؟

اپنی سواری کے جانوروں کے نام رکھنا سنت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے گدھے کا نام عفیر رکھا ہوا تھا

محمداویس عطاری

Scanned with CamScanner